تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,16 2024

پریس ریلیز

'سانجھی وراثت': جامعہ ملیہ اسلامیہ کے گرلز ریزیڈینس نے اپنا سالانہ جلسہ منعقد کیا

ہال آف گرلز ریزیڈینس (ایچ او جی آر) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنا سالانہ جلسہ 'سانجھی وراثت' منایا جس میں کثرت میں وحدت اور تہذیبوں کے اجتماع کا مظاہرہ ہوا۔ پروگرام گیارہ مئی دو ہزار چوبیس کو منعقد ہوا تھا جس کا منصوبہ طالبات اور دارالاقامہ کے منتظمین نے انتہائی خوش اسلوبی سے تیار کیا تھا تاکہ طلبہ کی حصولیابیوں کو پیش کیا جا سکے۔

پروفیسر اقبال حسین قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر انھوں نے ایچ او جی آر کی تاریخی اہمیت کے ساتھ ساتھ اس کے آئین پر اظہار خیال کیا۔انھوں نے ایسے ممتاز افراد کی خدمات کا ذکر کیا جن کے ناموں پر ہاسٹلوں کے نام رکھے گئے ہیں اور کس طرح انھوں نے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا اور آئندہ نسل کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی تحریک دی۔انھوں نے ترقی پذیر ہندوستان میں تعلیم اور خواتین کی خود مختاریت کی اہمیت کو بھی بتایا۔

پروگرام کی مہمان اعزازی جناب فرحین زاہد، آئی اے ایس کے قیمتی مشوروں کو طالبات نے کافی سراہا۔اس کے علاوہ جامعہ کے دیگر ممتاز مندوبین میں مسجل جناب ایم حدیث لاری، پروفیسر انچارج مالیاتی دفتر جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر امیر الحسن انصاری چیف پراکٹر، چیف لائبریرین، گرلز اور بوائز ہاسٹل کی پرووسٹ بھی اس پروگرام میں شریک ہوئے۔

سالانہ پروگرام میں ہندوستان کی متنوع تہذیبی و ثقافتی میراث میں عمدہ ترین مظاہرے دیکھے گئے۔طلبہ نے گلوکاری، شاعری، غزل سرائی، ٹیلنٹ کا اظہار اور رقص کے پروگرام پیش کیے۔

شام کی شروعات ایچ او جی آر کے پرووسٹ پروفیسر اروندرا ے انصاری، ڈپٹی ڈاکٹر مینا اوسے اور وارڈین کی ٹیم نے مہمانوں کی تہنیت سے ہوئی۔سال کے دوران ہوئے مختلف مقابلوں کے فاتحین کو ان کی صلاحیت اور سخت کاوش کے اعتراف میں اس موقع پر تہنیت پیش کی گئی۔

اس کے علاوہ ایچ او جی آر نے سالانہ ہاسٹل میگزین 'سانجھی وراثت' کو شیخ الجامعہ نے جاری کیا۔ملک کے نوجوانوں کے لیے یہ کافی بامعنی ہے کہ وہ تجربہ کریں اور ملک کی ثروت مند ورثہ کو توصیف کریں اور اس کے تئیں خود میں جذبہ احترام پیدا

کریں۔میگزین سے بھی وہی وحدت کی روح کو جھلک رہی تھی۔

ڈپٹی پرووسٹ ڈاکٹر مینا اوسمنے نے شکریے کی رسم ادا کی اور پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے تمام مندوبین، منتظمین اور شرکائے پروگرام کا شکریہ ادا کیا۔پروگرام کا اختتام عشائیہ پر ہوا جس میں طلبہ کو کامیابی کے سفر میں نئے نئے سنگ میل قائم کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی